تقویۃ الایمان (عربی) از: مولانا عبدالوحید الرحمانی ۔ تقطیع خورد ۔ صفحات ۷۰۔ ٹائپ جلی اور روشن ۔ پتہ :۔ مکتبہ جامعہ سلفیہ پوسٹ بکس ۱۹ بنارس (یو۔پی)

مولانا محمد اسماعیل شہیدؒ کا رسالہ تقویۃ الایمان ایک نہایت اہم اور بہت مشہور رسالہ ہے ۔ حضرت شہیدؒ نے یہ رسالہ ان بدعات اور مشرکانہ رسوم وطرق کے رد میں لکھا تھا ۔ جن میں اس زمانہ کے مسلمان بری طرح مبتلا تھے ۔ چنانچہ صرف قرآن و حدیث کی روشنی میں کلام کرکے یہ واضح کیا گیا ہے کہ اسلام میں عقیدۂ توحید کے کیا معنی ہیں اور مسلمان بدقسمتی سے اپنی جہالت و نادانی کے باعث اصل توحید سے کس قدر دور جا پڑے ہیں ۔ اصل رسالہ اردو میں تھا ۔ یہ اس کا عربی ترجمہ ہے جو سہل اور سلیس ، اور رواں دواں ہے ۔ شروع میں مولانا مقتدیٰ حسن الاعظمی کے قلم سے ایک مقدمہ ہے جس میں حضرت شہیدؒ کے سوانح حیات اور اس زمانہ کے مسلمانوں کے معاشرتی حالات کا تذکرہ ہے ۔ عربی ترجمہ سے یہ فائدہ ہوگا کہ عرب بھی اس متاعِ ہند نژاد سے مستفید ہو سکیں گے ۔

دُنیا :۔ اسلام سے پہلے / اسلام کے بعد } از مولانا عبدالسلام قدوائی

تقطیع خورد ۔ ضخامت ۱۲۸ صفحات ۔ کتابت وطباعت بہتر ۔ قیمت : ۲/۷۵ ۔ پتہ :۔ مکتبہ جامعہ لمیٹڈ ۔ جامعہ نگر ۔ نئی دِلّی ۲۵

یہ کتاب اگرچہ بقامت بہتر ہے ۔ لیکن بقیمت بہتر ہونے میں شبہ نہیں ۔ جیسا کہ نام سے ظاہر ہے ۔ کتاب کے پہلے حصّہ میں مستند حوالوں کی روشنی میں یہ بتایا ہے کہ اسلام سے قبل دنیا کے سماجی ، اخلاقی ، معاشی اور مذہبی حالات کیا تھے ۔ اور اسلام کے بعد ان میں اچانک کیا تبدیلی پیدا ہوئی ۔ اور